تراویح کا ترک کرنا کیسا؟

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُولِ اللّٰہِ

الاستفتاء :کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ کیا تراویح چھوڑنے سے بندہ گناہگار تو نہیں ہوتا ۔پلیز دلائل سے بیان کردیں ۔

سائل :عبداللہ)انگلینڈ(

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْجَوَابُ بِعَونِ المَلِکِ الوَھَّاب اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیَ النُّوْرَوَالصَّوَاب

تراویح سنت مؤکدہ ہے لہذا اس کے ترک کی عادت بنالینا گناہ ہے۔

جیساکہ درمختار میں ہے :)**التَّرَاوِيحُ سُنَّةٌ (مُؤَكَّدَةٌ لِمُوَاظَبَةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِينَ)لِلرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ (إجْمَاعًا صَحَّحَهُ فِي الْهِدَايَةِ وَغَيْرِهَا، وَهُوَ الْمَرْوِيُّ عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ** "تراویح اجماعا مرد وعورت دونوں کے لیے سنت مؤکدہ ہے کیونکہ اس پر خلفاء راشدین نے ہمیشگی اختیار فرمائی اور ہدایہ اور اس کے علاوہ نے اس کی تصحیح کی اور یہی ابوحنیفہ سے مروی ہے۔

(الدرالمختارباب الوتر والنوافل ج2 ص43)

اور سنت مؤکدہ کے ترک کے بارے میں بہارشریعت میں ہےکہ اس کا ترک اساء ت اور کرنا ثواب اور نادراً ترک پر عتاب اور اس کی عادت پر استحقاقِ عذاب اور ایک اورجگہ پر ہے کہ تراویح مرد و عورت سب کے لیے بالاجماع سنت مؤکدہ ہے اس کا ترک جائز نہیں۔

(بہارشریعت ج1 ص 283 اور 688)

وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم عَزَّوَجَلَّ وَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Date:02-04-2019

ABANDONING THE TARAWIH PRAYER

QUESTION:

What do the scholars and muftis of the noble Shari'ah say regarding the following matter; does leaving the Tarawih prayer make someone a sinner? Kindly explain with proofs.

Questioner: Abdullah, England

ANSWER:

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

Tarawih prayer is a *sunnah muakkadah* [emphasised sunnah]. Hence, leaving it habitually is a sin.

It is stated in al-Durr al-mukhtar:

)التَّرَاوِيحُ سُنَّةٌ (مُؤَكَّدَةٌ لِمُوَاظَبَةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِينَ)لِلرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ (إجْمَاعًا صَحَّحَهُ فِي الْهِدَايَةِ وَغَيْرِهَا، وَهُوَ الْمَرْوِيُّ عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ

Translation: "The Tarawih prayer, by consensus, is *sunnah muakkadah* for both men and women, because the Rightly Guided Caliphs practised it perpetually. This has been authenticated by al-Hidaya and others, and the same has been narrated from Imam Abu Hanifah (may Allah ﷻ have mercy upon him)."

[al-Durr al-mukhtar, vol. 2, pg. 43]

It is mentioned in Bahar-e Shari'at: "Leaving sunnah muakkadah is *asa'at* [bad] and acting on it is rewardful. Leaving it rarely is blameworthy and if habitually left, is a sin."

[Bahar-e Shari'at, vol. 1, pg. 283]

It is mentioned elsewhere: "Tarawih, by consensus, is *sunnah muakkadah* for both men and women. Leaving it is not permissible."

[Ibid, vol. 1, pg. 688]

واللہ اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri

Translated by the SeekersPath Team